## سوال

(123) کیا رمضان المبارک میں اس کے پیچھے نماز تراویح پڑھنا جائز ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص حافظ قرآن ہے جو اُسترا سے اپنی ڈاڑھی منڈواتا ہے، تاش بھی کھیلتا ہے، سگریٹ بھی پیتا ہے، گاہے گاہے سینما شو بھی دیکھتا۔ کیا رمضان المبارک میں اس کے پیچھے نماز تراویح پڑھنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے شخص کو امام نہیں بنانا چاہیے۔ حدیث میں ہے۔ ((اِجْعَلُوا اَئِمَّتَکُمْ خِیَارَکُمْ)) ''اپنا امام بہترین آدمی کو بنا ئو۔'' (الاعتصام جلد نمبر ۲ شمارہ نمبر ۱۴) (محمد گوندلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 351